2024-12-19

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- حکومت آج 'ایک ملک، ایک انتخاب' سے متعلق بِلوں کو مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے سپرد کرے گی۔

2- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلّی میں، جموں و کشمیر کے بارے میں سکیورٹی سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

3- بھارت نے، چین کے ساتھ سرحدی تنازعے کے منصفانہ اور باہمی طور پر قابلِ قبول تصفیے پر زور دیا ہے۔

4- تمل ناڈو کے 28 ماہی گیروں کو بحرین کی جیل سے رِہا کر دیا گیا ہے اور وہ وطن واپس آگئے ہیں۔

5- مارکیٹ ضابطہ کار SEBI نے قیمتوں پر قابو پانے کے لیے جنوری 2025 تک سات زرعی اشیاء میں Derivatives Trading کی معطلی میں توسیع کر دی ہے۔

6- اور خواتین کرکٹ میں، آج شام ممبئی میں بھارت اور ویسٹ اِنڈیز کے درمیان تیسرا اور آخری T20 بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

JPC ONOE

حکومت آج 'ایک ملک، ایک انتخاب' سے متعلق بِلوں کو 31 ارکانِ پارلیمنٹ پر مشتمل مشترکہ پارلیمانی کمیٹی JPC کے سپرد کرے گی۔ مجوزہ مشترکہ پارلیمانی کمیٹی لوک سبھا کے 21 ارکان اور راجیہ سبھا کے 10 ارکان پر مشتمل ہوگی۔ اِن ارکانِ پارلیمنٹ میں BJP کے رہنما پی پی چودھری، انوراگ سنگھ ٹھاکر اور پرشوتّم بھائی

روپالا، کانگریس رہنما پرینکا گاندھی اور منیش تیواری، ترنمول کانگریس کے کلیان بنرجی اور NCP شرد پوار کی سپریہ سُولے کے علاوہ دیگر ممبران شامل ہیں۔ اِن بِلوں کو باضابطہ طور پر آئین میں ترمیم سے متعلق 129 ویں بِل 2024 اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے متعلق قوانین کے ترمیمی بِل 2024 کا نام دیا گیا ہے۔ ×

Amit Shah J&K Meeting

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلّی میں، سکیورٹی سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ یہ میٹنگ بنیادی طور پر سکیورٹی کے اہم معاملات پر مرکوز ہوگی، جس میں جموں و کشمیر کے حالات پر خصوصی توجہ دی جائیگی۔ جموں و کشمیر کے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا بھی اِس میٹنگ میں شرکت کریں گے، جس کا مقصد جموں و کشمیر میں امن و استحکام کو یقینی بنانے کی حکمتِ عملی کا جائزہ لینا ہے۔ اس میٹنگ میں قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال، مرکزی داخلہ سکریٹری گووِند موہن، انٹیلی جنس بیورو کے ڈائریکٹر تپَن ڈیکا، فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دِویدی، مرکزی مسلح پولیس فورسز کے ڈائریکٹر جنرل سمیت فوج کے سینئر افسران، جموں و کشمیر کے چیف سکریٹری اور DGP کے علاوہ دیگر سینئر افسران شرکت کریں گے۔

اس میٹنگ کا انعقاد جناب امت شاہ کی صدارت میں منعقدہ اسی طرح کی اعلیٰ سطح کی جائزہ میٹنگ کے تقریباً 5 ماہ بعد کیا جا رہا ہے۔×

Govt.Opposition Ambedkar

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کانگریس پر تنقید کرتے ہوئے پارٹی پر الزام لگایا کہ وہ راجیہ سبھا میں ڈاکٹر امبیڈکر کے بارے میں اُن کی تقریر کے حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کر رہی ہے۔ نئی دلّی میں کل شام پارٹی کوارٹرس میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب شاہ نے اس کے لیے کانگریس کی مذمت کی اور کہا کہ کانگریس بی آر امبیڈکر کی مخالف ہے اور وہ ریزرویشن اور آئین کے بھی خلاف ہے۔

S/B - Amit Shah Parliament

اس سے پہلے وزیراعظم نریندر مودی نے اِس بیان کے خلاف کانگریس کے الزام کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ امت شاہ نے بھارتی آئین کے معمار کی توہین کرنے کی کانگریس کی سیاہ تاریخ کو بے نقاب کیا ہے۔

ڈاکٹر بی آر امبیڈکر پر جناب شاہ کے بیان کے خلاف اپوزیشن پارٹیوں نے پارلیمنٹ ہاؤس کامپلیکس میں احتجاج کیا۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کانگریس صدر

مَلک ارجن کھڑگے نے کہا کہ جناب شاہ نے اپنے ریمارکس کے ذریعے آئین کے معمار ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کی توہین کی ہے۔×

JPC Waqf

وقف ترمیمی بل 2024 پر مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی کل نئی دلی میں لوک سبھا کے رکن اسمبلی جگدمبیکا پال کی صدارت میں میٹنگ ہوئی اور بل پر آل انڈیا شیعہ پرسنل لا بورڈ (AISPLB) کے خیالات اور مشورے سنے گئے۔ میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جگدمبیکا پال نے کہا کہ میٹنگ میں بورڈ کے ممبران نے اپنا موقف پیش کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ جے۔ پی۔ سی۔ کے اراکین نے مجوزہ ترامیم کے حوالے سے آل انڈیا شیعہ پرسنل لا بورڈ سے کچھ سوالات کے جواب بھی طلب کیے۔

Byte Jagdambika Pal

مشترکہ پارلیمانی کمیٹی میں لوک سبھا کے 21 اور راجیہ سبھا کے 10 ارکان ہیں، جس میں اپوزیشن کے 13 رکن بھی شامل ہیں۔ وقف ترمیمی بل 2024 کا مقصد اہم اصلاحات لانا ہے جس میں ریکارڈ کا ڈیجٹائزیشن، سخت آڈٹ، شفافیت میں اضافہ اور غیر قانونی طور پر قبضہ کی گئی وقف کی املاک کو واپس حاصل کرنا شامل ہے۔

اس بل کا مقصد پورے ملک میں وقف کی جائیداد کے انتظام میں تبدیلی اور اصلاحات لانا ہے۔x

Rev. Mumbai Boat Tragedy

ممبئی کے ساحل پر کل ایک کشتی کے حادثہ میں تین دفاعی اہلکار سمیت کم سے کم 13 افراد نے اپنی جان گنواں دی۔ حادثہ پر رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے مرنے والوں کے لواحقین کے لیے دو۔دو لاکھ روپے اور زخمیوں کو 50 ہزار روپے دینے کا اعلان کیا ہے۔ x

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Prarthana

بھارتی بحریہ کے مطابق بحریہ کا ایک جہاز انجن کی آزمائش سے گزر رہا تھا، جو شام چار بجے کے قریب ممبئی کے Karanja کے نزدیک مسافروں کی Ferry سے ٹکرا گیا۔ فیری مسافروں کو گیٹ وے آف انڈیا سے Elephanta لے جا رہی تھی۔ حادثہ میں 13 لوگوں کی موت ہو گئی، جس میں بھارتی بحریہ کے تین اہلکار شامل ہیں۔ تلاش اور بچاؤ کی کارروائی فوری طور پر بحریہ نے کوسٹ گارڈ اور مرین پولیس

کے ساتھ شروع کی۔ چار بحری ہیلی کاپٹر، 11 بحری کرافٹ، ایک کوسٹ گارڈ کا جہاز اور مرین پولیس کے تین جہاز اس کارروائی میں شامل تھے۔ 103 لوگوں کو اس حادثہ میں بچایا گیا، جنہیں مختلف اسپتالوں میں داخل کرایا گیا۔ مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دِویندر فڑنویس نے مرنے والوں کے لواحقین کو پانچ لاکھ روپے کی مدد کا اعلان کیا ہے۔

ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

India China

بھارت نے خصوصی نمائندوں کی 23 ویں میٹنگ میں چین کے ساتھ سرحدی تنازعہ کے منصفانہ اور باہمی طور پر قابل قبول تصفیہ پر زور دیا ہے۔ یہ میٹنگ کل بیجنگ میں قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال اور ان کے چینی ہم منصب اور وزیر خارجہ Wang Yi کے درمیان ہوئی۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ دونوں فریقوں نے زمین پر، پُر امن صورتحال کو یقینی بنانے کی ضرورت کو نمایاں کیا تاکہ سرحدی معاملات دو طرفہ تعلقات میں ہونے والی معمول کی پیش رفت میں رکاوٹ نہ سکیں۔

وزارت خارجہ کے مطابق جناب ڈوبھال اور جناب وانگ نے علاقائی اور عالمی امن و خوشحالی کے لیے "پائیدار، قابل پیش گوئی اور دوستانہ" بھارت - چین تعلقات کے اہم نکایت پر تفاق کیا۔

جناب ڈوبھال نے بیجنگ کے ساتھ عملی بات چیت میں شامل ہونے کی بھارت کی رضا مندی کا اعادہ کیا اور تنازعہ کے "حتمی حل"کے لیے ضروری ماحول قائم کرنے کے نئی دلی کے عزم پر زور دیا۔ جناب ڈوبھال اور ان کے چینی ہم منصب نے تفصیلی بات چیت کی جس میں کیلاش مانسروور یاترا کو پھر سے شروع کرنے ندیوں سے متعلق ڈیٹا کا اشتراک اور سرحدی تجارت سمیت سرحد پار تعاون کے لیے "مثبت" سمت پر توجہ مرکوز کی گئی۔

یہ میٹنگ کشیدگی کے دور کے بعد دو طرفہ تعلقات کی بحالی میں ایک اہم قدم ہے۔ خصوصی نمائندوں کی یہ میٹنگ پانچ سال کے وقفے کے بعد ہوئی ہے۔ پچھلی میٹنگ دسمبر 2019 میں نئی دلی میں ہوئی تھی۔ خصوصی نمائندوں کے مذاکرات کے نظام کی بحالی کا فیصلہ 23 اکتوبر کو روس کے شہر KAZAN میں وزیراعظم نریندر مودی اور چین کے صدر شی جن پنگ کے درمیان میٹنگ میں کیا گیا تھا۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

## Bahrain Indian Fishermen

تمل ناڈو کے Tirunelveli ضلعے سے تعلق رکھنے والے 28 بھارتی ماہی گیر بحرین سے وطن واپس آگئے ہیں۔ بحرین کی جیل سے اُن کی جلد رہائی کے لیے کامیاب سفارتی کوششیں کی گئیں، جس کی وجہ سے اُن کے لیے وطن واپسی کی راہ ہموار ہو سکی۔ اِن ماہی گیروں کو ستمبر 2024 میں مبینہ طور پر بحرین کی آبی حدود میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے کے لیے حراست میں لیا گیا تھا۔ اُنہیں 6 ماہ کی سزا سنائی گئی تھی، جسے فوری قانونی اپیل کے بعد کم کر کے 3 ماہ کر دیا گیا تھا۔ بحرین میں واقع بھارتی سفارتخانے نے ماہی گیروں کے لیے فوری طور پر قانونی نمائندہ مقرر کر کے کلیدی رول ادا کیا۔×

## US Sanctions NDC

امریکہ نے، چار پاکستانی اداروں پر پابندی لگا دی ہے، جس میں سرکار کی ملکیت والی اہم ایرو اسپیس اور دفاعی ایجنسی نیشنل ڈیولپمنٹ کامپلیکس، NDC شامل ہے۔ یہ پابندی پاکستان کے بیلسٹک میزائل پروگرام میں تعاون کرنے کے الزام کی وجہ سے لگائی گئی ہے۔ پاکستان کے طویل فاصلے تک وار کرنے والے میزائل کے فروغ اور اس کے پھیلاؤ کے مسلسل خطرے کے درمیان امریکہ کی وزارت خارجہ نے کہا کہ اس نے پابندی کے لیے چار اداروں کو نامزد کیا ہے۔×

## Nepal Foreign Minister India

نیپال کی وزیر خارجہ آرزو رانا دیوبا آج تین روزہ سرکاری دورہ پر نئی دلّی پہنچیں گی۔ نئی دلّی کے اپنے دورے کے دوران وہ بھارت-نیپال کانفرنس میں کلیدی خطبہ پیش کریں گی۔ اس کانفرنس کا انعقاد EGROW فاؤنڈیشن اور کاٹھمنڈو یونیورسٹی-نیپال سینٹر فار Contemporary اِسٹڈیز KU-NCCS کے ذریعے مشترکہ طور پر کیا جا رہا ہے۔ کل منعقد ہونے والی اِس کانفرنس کا اہم مقصد بھارت کی اقتصادی ترقی، علاقائی اشتراک و تعاون کو فروغ دینے اور خطّے کے ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات کو مستحکم کرنے کو اُجاگر کرنا ہے۔ اُن کا یہاں صحت کی جانچ کرانے کا بھی پروگرام ہے۔ اس سال مارچ میں اُن کی سرجری ہوئی تھی، جس کے بعد وہ اپنی صحت کی جانچ کرا رہی ہیں۔×

## NIA Searches

قومی جانچ ایجنسی NIA نے، بین ریاستی ہتھیاروں کی اسمگلنگ معاملے میں 4 ریاستوں کے متعدد مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دی ہے۔ NIA نے کل بہار کے 12 مقامات، ناگالینڈ کے 3 مقامات، ہریانہ اور جموں و کشمیر کے ایک-ایک مقام پر تلاشی کی کارروائی انجام دی۔ تلاشی کے دوران NIA کو غیر قانونی ہتھیار، 315 بور رائفل، 11 راؤنڈ، 3 خالی کارتوس اور ڈیجیٹل آلات جیسے موبائل فون، میموری کارڈ اور پین ڈرائیو برآمد ہوئے۔ دیگر قابلِ اعتراض دستاویز کے علاوہ ایک کار اور 13 لاکھ 94 ہزار سے زیادہ نقد رقم بھی ضبط کی گئی۔x

## J&K Encounter

جموں کشمیر میں ضلع کلگام کے دور دراز علاقے Kadder میں سلامتی دستوں اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ ہوئی ہے۔ پولیس نے بتایا کہ دہشت گردوں کی موجودگی کے بارے میں خفیہ اطلاع ملنے پر سلامتی دستوں کی مشترکہ ٹیم نے علاقے کا محاصرہ کرلیا اور تلاشی کی کارروائی شروع کی۔ جیسے ہی سلامتی دستے مشتبہ مقام پر پہنچے، وہاں چھپے دہشت گردوں نے اندھا دھند فائرنگ کی جس کے بعد جھڑپ شروع ہوگئی۔x

## SEBI Agricultural Commodities

مارکیٹ ضابطہ کار Sebi نے قیمتوں پر قابو پانے کے لیے جنوری 2025 تک گیہوں اور مونگ سمیت سات زرعی اشیاء میں Derivatives Trading کی معطلی میں توسیع کردی ہے۔ SEBI کے ذریعے Trading معطل کی جانے والی دیگر زرعی اشیا، میں دھان (غیر باسمتی)، چنا، خام پام آئل، سرسوں اور ان کے Derivatives اور سویابین اور اسکے Derivatives شامل ہیں۔

اس قدم کا مقصد اشیاء کے بازار میں زیادہ سٹا بازی اور اتار چڑھاؤ پر قابو پانا ہے، خاص طور سے ان ضروری زرعی اشیاء میں جس کاغذاتی قیمتوں اور افراطِ زر پر خاطر خوہ اثر پڑتا ہے۔x

## MP Tansen Award

مدھیہ پردیش کی موسیقی کی راجدھانی گوالیار میں منعقدہ عالمی شہرت یافتہ تان سین فیسٹیول میں کل قومی تان سین ایوارڈ اور راجہ مان سنگھ تومر ایوارڈ دیے گئے۔

کولکاتہ سے تعلق رکھنے والے بھارتی کلاسیکی موسیقی کے مشہور طبلہ نواز پنڈت Swapan چودھری کو سال 2023 کے لیے قومی تان سین سمّان سے نوازا گیا۔ اس ایوارڈ کے بارے میں پنڈت Swapan چودھری نے کہا:

S/B - Swapan Choudhary

## Gujrat Masail Village

گجرات کے بنَاس کانٹھا ضلعے میں واقع مَسالی گاؤں ملک کا پہلا شمسی توانائی والا سرحدی گاؤں بن گیا ہے۔ 800 افراد کی کُل آبادی والا مَسالی گاؤں پاکستان سرحد سے 40 کلو میٹر دور ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی کوششوں سے مَسالی، ملک میں 100 فیصد شمسی توانائی والا گاؤں بن کر اُبھرا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Aparna Khunt

پی ایم سوریہ گھر یوجنا کے تحت 800 افراد کی آبادی والے مَسالی گاؤں میں تمام 119 مکانات کی چھتوں پر شمسی پینل نصب کیا گیا ہے۔ یہ تمام مکانات 225 کلو واٹ سے زیادہ بجلی کی پیداوار کر رہے ہیں۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے بنَاس کانٹھا کے کلکٹر Mihir پٹیل نے کہا کہ سرحدی ترقیاتی پروجیکٹ کے تحت ضلعی انتظامیہ نے Vav تعلقہ کے 11 اور Suigam تعلقہ کے 6 سرحدی گاؤں کو مکمل طور پر شمسی توانائی والا بنانے کے لیے اقدامات کیے ہیں۔

احمد آباد سے آَپرنا کھُنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ..................

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے، اگلے 5 سے 6 دنوں کے دوران ملک کے شمال مغربی علاقوں کے بڑے حصے میں سرد لہر کے حالات کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ پنجاب، ہریانہ اور اترپردیش کے الگ الگ مقامات پر رات اور صبح کے اوقات میں، گھنا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔ دلّی NCR میں صبح کے اوقات میں گھنا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے، جبکہ شام اور رات کے اوقات میں دھند چھائے رہنے کا امکان ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ اگلے دو روز کے دوران ملک کے وسطی علاقوں میں کم سے کم درجہٴ حرارت میں تین سے چار ڈگری

سیلسیس کے اضافے، جبکہ ملک کے مشرقی علاقوں میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کے اضافے کا امکان ہے۔

موسمیات کی پیشگوئی کرنے والے محکمے نے آج ساحلی آندھراپردیش میں شدید سے بہت شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ ×

Sports Round Up

بھارت اور ویسٹ انڈیز کی خواتین ٹیموں کے درمیان ٹوئینٹی۔ٹوئیٹی بین الاقوامی سیریز کا تیسرا اور آخری میچ آج نوی ممبئی کے ڈی۔وائی۔پاٹل اسپورٹس اکیڈمی میں کھیلا جائے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Akhila

بھارت اور ویسٹ انڈیز کی خواتین کے درمیان تیسرا ٹوئینٹی۔ٹوئیٹی بین الاقوامی میچ آج شام سات بجے شروع ہوگا۔ یہ سیریز ایک۔ایک سے برابر ہے کیونکہ ہرمن پریت کی قیادت والی بھارتی ٹیم نے پہلا میچ 49 رن سے جیتا تھا جبکہ ویسٹ انڈیز نے دوسرے میچ میں 9 وکٹ سے کامیابی حاصل کی تھی۔ اب بھارتی ٹیم سیریز کے فیصلہ کن میچ میں جیت حاصل کرنا چاہے گی۔

اب کچھ خبریں نشانے بازی سے: بھارتی بحریہ کے Kiran Ankush Jadhav نے کل بھوپال میں 67ویں نیشنل شوٹنگ چیمپین شپ میں پیرس اولمپک میں کانسے کا تمغہ حاصل کرنے والے Swapnil Kusale اور اولمپین Aishwary Pratap Singh Tomar کو ہراکر مردوں کے 50میٹر رائفل 3 پوزیشن کا خطاب جیتا۔

اسکوائش کی بات کریں تو بھارت کی سابق نیشنل چیمپین Janet Vidhi نے کل ممبئی میں 79ویں Western India Slam Squash ٹورنامنٹ میں ملیشیا کی اپنی حریف کھلاڑیVinikasheinie Kulasegaran کو پہلے راؤنڈ میں تین صفر سے ہرایا۔

اسپورٹس کلینڈر کے مطابق ایشین یوتھ اینڈ جونیئر ویٹ لفٹنگ چیمپین شپ 2024 آج قطر کی راجدھانی دوحہ میں شروع ہوگی۔ بھارت کے 28 رکنی ویٹ لفٹنگ دستے میں 15 ویٹ لفٹر جونیئر ڈویژن میں جبکہ 13 یوتھ سطح کے زمرے میں مقابلہ کریں گے۔ مزید برآں آج ابوظبی میں ورلڈ ٹینس لیگ کا بھی آغاز ہو رہا ہے۔

اسپورٹس ڈیسک سے اکھیلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...................

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......توحید حقانی

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کے اس بیان کو شہ سرخی بنایا کہ ماحولیاتی تبدیلی کے چیلنج سے نمٹنے اور وزیراعظم نریندر مودی کے مشن "لائف" کو آگے بڑھانے میں محکمہ جنگلات کے افسران کا بہت اہم کردار ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے EPFOکی زیادہ پینشن پر آجروں کو تفصیلات دینے کی آخری تاریخ میں 31 جنوری تک توسیع کیے جانے کی خبر کو سرخی بنایا ہے۔

کھیل کے صفحے پر آج اردو کے تقریباً سبھی اخباروں نے بھارت کے اسپنر روی چندرن اشون کے بین الاقوامی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کے اعلان کی خبر کو شائع کیا ہے۔

اور عالمی خبروں کے صفحے پر روزنامہ ملاپ نے متحدہ عرب امارات کی معیشت میں بھارت کے اہم تعاون ہونے کی خبر کو شائع کیا ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- حکومت آج 'ایک ملک، ایک انتخاب' سے متعلق بِلوں کو مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے سپرد کرے گی۔

2- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلّی میں، جموں و کشمیر کے بارے میں سکیورٹی سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

3- بھارت نے، چین کے ساتھ سرحدی تنازعے کے منصفانہ اور باہمی طور پر قابلِ قبول تصفیے پر زور دیا ہے۔

4- تمل ناڈو کے 28 ماہی گیروں کو بحرین کی جیل سے رِہا کر دیا گیا ہے اور وہ وطن واپس آگئے ہیں۔

5- مارکیٹ ضابطہ کار SEBI نے قیمتوں پر قابو پانے کے لیے جنوری 2025 تک سات زرعی اشیاء میں Derivatives Trading کی معطلی میں توسیع کر دی ہے۔

6-    اور خواتین کرکٹ میں، آج شام ممبئی میں بھارت اور ویسٹ اِنڈیز کے درمیان تیسرا اور آخری T20    بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔